NYC کا کارکنان کے لیے وسیلہ:

دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards, OLPS)

Urdu | اردو

NYC Consumer Affairs
Office of the Mayor | Lorelei Salas Commissioner

وسائل

ہم آپ کی ان سب سے رابطے میں بھی مدد کر سکتے ہیں:

- امیگریشن کے سلسلے میں معاونت
- انگریزی کی کلاسیں
- صحت کا سستا بیمہ
- عوامی بینیفٹس
- بلامعاوضہ مالی مشاورت
- ٹیکس گوشوارے کی بلامعاوضہ تکمیل
- تعلیمی اور تربیتی پروگرام

مزید معلومات کے لیے **311** پر کال کریں یا **OLPS@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

NYC Consumer Affairs

نیویارک شہر کا محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs, DCA) فروغ پذیر کمیونٹیز پیدا کرنے کے لئے نیویارک شہر کے رہائیشیوں کی روزمرہ اقتصادی زندگیوں کو تحفظ دیتا ہے اور ان میں بہتری لاتا ہے۔ ہمارے دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards) کے کام کے ذریعے DCA ایسے ٹولز اور وسائل مہیا کر کے کارکن خاندانوں کو مختار بناتا ہے جو انہیں خوشحالی حاصل کرنے اور کام و زندگی میں توازن پیدا کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔

06/2017

Printed on 30% post consumer recycled paper

دفتر برائے لیبر پالیسی اور معیارات (Office of Labor Policy & Standards, OLPS) کا محکمہ برائے صارف معاملات (Department of Consumer Affairs)

NYC میں کارکنان کے لیے بنیادی وسیلہ ہے۔ ہم NYC میں کارکنان کے لیے سٹی گورنمنٹ میں ایک وقف شدہ آواز ہیں۔ ہم ایسے لیبر معیارات اور پالیسیوں کا تحفظ کرتے ہیں اور انہیں ترقی دیتے ہیں جو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ تمام کارکنان امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر اپنے حقوق سے واقف ہو سکیں، منصفانہ جائے کار تخلیق کرتے ہیں۔

ہم آپ کے لیے یہ سب کرتے ہیں:

- نفاذ
- روابط اور تعلیم
- بامعاوضہ نگہداشت ڈویژن (Paid Care Division)
- شکایات کی وصولی اور حوالہ (ریفرل)
- تحقیق، وکالت اور پالیسی کی تیاری

ہم سے کیسے رابطہ کیا جا سکتا ہے:

- 311 پر کال کریں (NYC سے باہر 212-NEW-YORK پر)۔ بامعاوضہ نگہداشت، بامعاوضہ بیماری کی چھٹی، فری لانس کارکنان، گراسری (Grocery) کارکنان، نقل و حمل کے بینیفٹس کے لیے کہیں۔
- OLPS@dca.nyc.gov پر ای میل کریں۔
- براہ کرم nyc.gov/dca ملاحظہ کریں۔

نفاذ

ہم NYC کے جائے کار کے کلیدی قوانین اور قواعد کا نفاذ کرتے ہیں، بشمول:

- تنخواہ کے ساتھ بیماری کی چھٹی کا قانون
- 'فری لانس مفت نہیں ہوتا' قانون
- نقل و حمل کے بینیفٹس کا قانون
- گراسری کارکنان کو ملازمت پر برقرار رکھنے کا قانون
- گزارا اور مروجہ اجرت کے قوانین

روابط اور تعلیم

ہم کارکنان نیز آجروں اور عوام کو جائے کار کے مقامی، ریاستی اور وفاقی تحفظات کے بارے میں تعلیم دیتے ہیں۔ ہم یہ یقینی بنانے کے لیے کہ کارکنان کو اپنے حقوق معلوم ہوں اور وہ ان کے لیے وکالت کر سکیں، کارکنان اور کارکن تنظیموں کے ساتھ شراکت کرتے ہیں۔ ہم تعمیل کے کلچر کو معرض وجود میں لانے کے لیے آجروں کو کارکنان کے حقوق کے قوانین کے تحت ان کی ذمہ داریوں کے بارے میں بھی تعلیم دیتے ہیں۔

بامعاوضہ نگہداشت ڈویژن (Paid Care Division)

ہم نے بامعاوضہ نگہداشتی کارکنان، جیسے کہ صحت یا انفرادی نگہداشت کے گھریلو مددگار، گھریلو خدمت گار، آیاؤں، نگہداشت فراہم کنندگان اور گھر کی صفائی کرنے والے ملازمین، کے حقوق کے تحفظ، بامعاوضہ نگہداشت کی ملازمتوں کے معیار میں بہتری لانے اور بامعاوضہ نگہداشت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے وقف شدہ اپنی نوعیت کی پہلی ڈویژن قائم کی ہے۔

شکایات کی وصولی اور حوالہ (ریفرل)

ہم جائے کار کے متعلق شکایات وصول کرتے ہیں اور ان قوانین کے تحت جن کا ہم نفاذ کرتے ہیں جیسے کہ تنخواہ کے ساتھ بیماری کی چھٹی کا قانون، دعویٰ جات کی تحقیقات کرتے ہیں۔ دیگر معاملات کے لیے ہم کارکنان کا متعلقہ حکومتی اداروں، قانونی خدمات فراہم کنندگان اور وسائل سے رابطہ کرواتے ہیں تاکہ ان کی اپنے حقوق تک رسائی اور ان کے تحفظ میں اور اشد ضروری خدمات حاصل کرنے میں مدد کر سکیں۔

تحقیق، وکالت اور پالیسی کی تیاری

ہم نئے پالیسی اقدامات کی بڑھوتری کے لیے لیبر مارکیٹ کے جائزے انجام دیتے ہیں؛ یہ اقدامات ایک بدلتی ہوئی معیشت میں ایک مثالی ردعمل ظاہر کرتے ہیں اور خصوصی طور پر کمزور کارکنان، بشمول مختلف رنگت کے حامل افراد، خواتین اور امیگرینٹس، کے تحفظات کا ازالہ کرتے ہیں۔